## اے پی ایم ایس او اور اس سے جنم لینے والی ایم کیو ایم کی جڑیں عوام میں ہیں اور اسے دنیا کی کوئی طاقت تمام تر سازشی ہتھکنڈوں کے باوجود ختم نہیں کرسکتی۔ جناب الطاف حسین

## 31 برس قبل جامعہ کراچی سے جنم لینے والی اے پی ایم ایس او آج ایسا تناور درخت بن چکی ہے کہ اس کا سایہ پاکستان کے چپہ چپہ میں ہر مظلوم تک پہنچ رہا ہے

## آج تجدید عہد کا دن ہے، چاہے کتنی ہی مشکلات اور کٹھن حالات ہوں ہم تحریکی مشن ومقصد کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

## ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کی مبارکباد دینے کیلئے جمع ہونے والے مختلف تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان سے ٹیلیفون پر خطاب

کراچی۔۔۔10 جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ اے پی ایم ایس او سے جنم لینے والی ایم کیو ایم ملک کی واحد جمہوری جماعت ہے جس نے عام آدمی کے طبقہ سے جنم لیا جسے کسی جاگیردار یا وڈیرے کی حمایت حاصل نہ تھی۔ اے پی ایم ایس او اور اس سے جنم لینے والی ایم کیو ایم کی جڑیں عوام میں ہیں اور اسے دنیا کی کوئی طاقت تمام تر سازشی ہتھکنڈوں کے باوجود ختم نہیں کرسکتی۔ جناب الطاف حسین نے یہ بات بدھ کی شب ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر مختلف تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کہی جو اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کی مبارکباد دینے کیلئے جمع ہوئے تھے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ 31 برس قبل جامعہ کراچی سے جنم لینے والی اے پی ایم ایس او آج ایسا تناور درخت بن چکی ہے کہ اس کا سایہ پاکستان کے چپہ چپہ میں ہر مظلوم تک پہنچ رہا ہے، اس کا پیغام ملک کے ہر گلی ہر محلّہ میں پھیل چکا ہے۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان کے چاروں صوبوں، آزاد کشمیر، شمالی علاقہ جات اور دنیا بھر میں پھیلے ہوئے تمام اوورسیز یونٹوں کے ذمہ داروں، کارکنوں، اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست نمائندوں اور ماؤں بہنوں بزرگوں کو اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کارکنوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہمارے لئے تجدید عہد کا دن ہے کہ چاہے کتنی ہی مشکلات اور کٹھن حالات سامنے آئیں ہم تحریک کے مشن ومقصد کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تحریکی سفر میں بچھڑ جانے والے ساتھیوں کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے اور تحریک کے ایک ایک کارکن کو شہیدوں کے لہو کا پاس رکھنے کی توفیق عطا کرے اور ہم سب کو جدوجہد میں ثابت قدم رکھے، ہم پر کٹھن آزمائشوں کا دور ختم کر کے ہم پر اپنی رحمتیں برکتیں نازل کرے۔ انہوں نے گزشتہ دنوں کراچی میں ٹارگٹ کلنگ میں شہید ہونے والے کارکنوں کے ایصال ثواب کیلئے بھی دعا کی اور تمام کارکنوں کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے بھی دعا کی۔

## اے پی ایم ایس او ملک کی وہ واحد طلبہ تنظیم ہے جس نے ایم کیو ایم جیسی ایک بڑی عوامی تحریک کو جنم دیا۔ الطاف حسین

## اے پی ایم ایس او نے استحصالی قوتوں کی تمام تر سازشوں اور رکاوٹوں کے باوجود مشن ومقصد کے حصول کیلئے اپنا سفر جاری رکھا

## تمام کارکنوں کو اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس پر الطاف حسین کی مبارکباد، شہیدوں کو ان کی قربانیوں پر خراج عقیدت

لندن۔۔۔10 جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ APMSO روایتی طلبہ تنظیم نہیں بلکہ ایک تحریک ہے جس نے استحصالی قوتوں کی تمام تر سازشوں اور رکاوٹوں کے باوجود مشن ومقصد کے حصول کیلئے اپنا سفر جاری رکھا اور آج تحریک کا نظریہ کسی ایک شہر یا ایک علاقہ تک محدود نہیں بلکہ اس کا دائرہ ملک بھر میں پھیل چکا ہے۔ APMSO کے 31 ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اے پی ایم ایس او ملک کی سیاسی تاریخ کی وہ واحد طلبہ تنظیم ہے جس نے ایم کیو ایم جیسی ایک بڑی عوامی تحریک کو جنم دیا جو آج ملک بھر کے محروم ومظلوم عوام کی امیدوں کا مرکز بن چکی ہے۔ جناب الطاف حسین نے تحریک کے تمام کارکنوں کو اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج ہمیں اپنے شہیدوں کو ان کی قربانیوں پر خراج عقیدت پیش کرنا چاہیے جنہوں نے اپنی جان تحریک کے مشن ومقصد پر قربان کردی، جو تحریک کے اس سفر میں لاپتہ گئے، جنہوں نے قیدوبند کی صعوبتیں جھیلیں، جو دربدر ہوگئے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں تحریک کے مشن ومقصد کے حصول کیلئے متحرک رہنے کی توفیق عطا فرمائے، ہمیں اس جدوجہد میں ہمیشہ ثابت قدم رکھے، اور ہماری تحریک کو کامیابی وکامرانی سے ہمکنار فرمائے۔

## ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے 31 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں کل بروز جمعہ لندن کے علاقے ایجویئر میں واقع وی آئی پی لاؤنج میں اجتماع منعقد ہوگا۔الطاف حسین خطاب کریں گے

لندن۔۔۔10 جون 2009ء

ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن (APMSO) کا 31 واں یوم تاسیس منایا جائے گا۔اس سلسلے میں جمعہ 12 جون کو لندن کے علاقے ایجویئر میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے بالمقابل واقع وی آئی پی لاؤنج (47 High Street Edgware, Middx HA8 7DD) میں شام 6 بجے ایک اجتماع منعقد ہوگا۔اجتماع سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین خطاب کریں گے۔اجتماع کے انعقاد کے سلسلے میں ایم کیوایم یوکے کے کارکنان تیاریوں میں مصروف ہیں۔

## اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کے موقع پر پوسٹرز،اسٹیکرز اور گہوارہ ادب کے تحت مجلّہ نقیب کا اجراء کردیا گیا

کراچی۔۔۔10، جون 2009ء

11 جون 2009ء کے تاریخ ساز دن کی نسبت سے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی جانب سے اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کے پرمسرت موقع پر دیدہ زیب پوسٹرز،اسٹیکرز اور ادبی تنظیم گہوارہ ادب کے تحت مجلّہ نقیب کا اجراء کردیا گیا ہے۔پوسٹر کا اجراء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن انیس احمد قائمخانی اور اے پی ایم ایس او کے چیئرمین وحیدالزماں نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں کیا اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شکیل عمر،سلیم تاجک،ڈاکٹر نصرت،کیف الورائی،سیف یارخان،آنسہ ممتاز انوار کے علاوہ دیگر بھی موجود تھے۔اے پی ایم ایس او کی جانب سے جاری کیے گئے خوبصورت پوسٹر میں ملک میں 98 فیصد غریب ومتوسط کے عوام کے دلوں میں قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو اجاگر ہوتا ہوا دیکھایا گیا ہے جوان کی توجہ کا واحد مرکز ہے جبکہ ایک نوجوان ہاتھ میں قلم اور کتاب تھامے نظریہ الطاف کے فکر وفلسفہ کا پرچار کررہا ہے۔11، جون 2009ء کو اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں سیکٹرز کی سطح پر بھی اسٹیکروں کا اجراء کیا گیا جبکہ اس سلسلے میں ادبی تنظیم گہوارۂ ادب نے اے پی ایم ایس او کی عملی جدوجہد،درپیش حالات وواقعات،قائد تحریک کے خطابات اور انقلابی نظموں پر کارکنان کی نگارشات پر مشتمل مجلّہ نقیب کا اجراء بھی کیا ہے جو اے پی ایم ایس او کے مرکزی آفس سے مقررہ قیمت پر حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## 11 جون عظیم دن ہے،اس دن ایسا نظریہ ملا جس نے ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام میں حقوق کا شعور اجاگر کیا،شعبہ طالبات اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کے موقع پر پیغام

کراچی۔۔۔10، جون 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن شعبہ طالبات نے کہا ہے کہ 11 جون وہ عظیم دن ہے جس دن قوم کو غیرت،وقار اور اپنے حقوق کے ساتھ جینے اور اپنی نسلوں کی بقاء و سلامتی کو ممکن بنانے کیلئے ایک ایسا نظریہ ملا جس نے ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام میں حقوق کا شعور اجاگر کیا۔اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حقوق سے محروم طلباء کیلئے جامعہ کراچی میں 11 جون 1978 کو اے پی ایم ایس او کی بنیاد رکھی جس نے ایک سیاسی جماعت کو جنم دیا اور وہ سیاسی جماعت ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے آج قومی سطح پر اہم کردار ادا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہم اس عہد کا اعادہ کرتے ہیں کہ جس جدوجہد کی کامیابی کیلئے قربانیوں کا ایک عظیم سلسلہ چلا اس مقصد کو ہم اپنے رہبر ورہنما بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ضرور حاصل کریں گے اور اس کیلئے تمام تر نامساعد حالات اور تکلیفوں کا مقابلہ ثابت قدمی اور عزم وہمت کے ساتھ کریں گے۔شعبہ طالبات نے اللہ رب العزت کے حضور دعا کی کہ حق پرستی کی تحریک کو کامیابی عطا فرمائے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کو درازی عمر،صحت وتندرستی عطا کرے اور ناگہانی آفات سے محفوظ فرمائے۔

## عمر کالونی ابراہیم حیدری کے سینکڑوں سندھی، بلوچ نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔10، جون 2009ء

ابراہیم حیدری کے علاقے عمر کالونی کے سینکڑوں سندھی اور بلوچ نوجوانوں و بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے زیر اہتمام عمر کالونی کے رابطہ آفس میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں سندھی اور بلوچ نوجوانوں، بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے سندھی اور بلوچ نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں نام نہاد شریعت کے خلاف ملک بھر اور قومی اسمبلی کے ایوان میں جس طرح نڈر اور بہادرانہ مئوقف اختیار کیا ہے اس کے باعث آج ملک وقوم تاریک اندھیروں میں جانے سے بچ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کا یہ کام ملک وقوم پر احسان ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہم بھی متحدہ قومی موومنٹ کی عملی جدوجہد سے متاثر ہیں اور اب جان گئے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی ایک ایسی جماعت ہے جو ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ اجتماع سے ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر، اراکین عزیز الرحمان اور معین الدین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں رائج کرپٹ استحصالی نظام کے خاتمے کیلئے جدوجہد کررہے ہیں، ملک میں جاری ظالمانہ نظام کا جب تک خاتمہ نہیں کیا جائے گا اس وقت تک ملک میں بسنے والے مظلوم عوام آزادی کی اصل روح اور اس کے ثمرات سے محروم رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف مضبوط اور واحد آواز قائد تحریک جناب الطاف حسین نے بلند کی اور طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے ان کے جو خدشات تھے وہ وقت کے ساتھ ساتھ درست ثابت ہورہے ہیں۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے سندھی، بلوچ نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں خوش آمدید کہا۔

## ایم کیو ایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکن توصیف احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے جواں سال کارکن توصیف احمد کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ توصیف احمد مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے کارکن توصیف احمد کرنٹ لگنے سے انتقال کرگئے

## نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کے علاقائی ذمہ داران ودیگر کی شرکت، سوئم جمعرات کو ہوگا

کراچی۔۔۔10، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 130 کے جواں سال کارکن توصیف احمد بجلی کا کرنٹ لگنے کے باعث حادثاتی طور پر انتقال کرگئے۔ (انا اللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 25 سال تھی اور وہ منگل کی شب بجلی کا کرنٹ لگنے اور گرنے سے سر میں دروازے کی کنڈی کی چوٹ سے شدید زخمی ہوگئے تھے جنہیں فوری طور پر تعلقہ اسپتال پہنچایا گیا تھا تاہم وہ ڈاکٹروں کی تمام کوششوں کے باوجود اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ مرحوم کے سوگواران میں ایک بھائی اور بہن شامل ہے۔ دریں ثناء توصیف احمد کو بعد بدھ کے روز سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان قصبہ کالونی کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ بلال مسجد سیکٹر 6/E اورنگی ٹاؤن میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست نمائندوں، علاقائی سیکٹر و یونٹس کمیٹیوں کے ارکان، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ توصیف احمد مرحوم کا فاتحہ سوئم جمعرات 11، جون بعد نماز ظہر منعقد ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 130 کے کارکن توصیف احمد، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن محمد اکرم کے والد محمد حنیف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## پشاور بم دھماکے میں ایم کیوایم کے ہمدرد اور پی آئی اے کے کپتان محمد ایوب ممسا کی شہادت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے منگل کی رات پشاور کے فائیو اسٹار ہوٹل میں بم دھماکے کے نتیجے میں ایم کیوایم کے ہمدرد اور پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن (پی آئی اے) کے کپتان محمد ایوب ممسا کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے محمد ایوب ممسا شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد ایوب ممسا شہید سمیت بم دھماکے میں شہید ہونیوالے تمام افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین) واضح رہے کہ منگل کی رات پشاور کے فائیو اسٹار پی سی ہوٹل میں بم دھماکے کے نتیجے میں اب تک 15 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو چکے ہیں جن میں پی آئی اے کے کپتان اور ایم کیوایم کے ہمدرد محمد ایوب ممسا بھی شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆